نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب اورنجی کھاد کمپنی کے باہمی تعاون سے زیادہ کپاس اگاؤمہم کے سلسلہ میں کسان کنونشن کا انعقاد

کپاس کے کاشتکاروں کو منتخب منظور شدہ اقسام کے تصدیق شدہ بیج پر اربوں روپے کی سبسڈی فراہم کی جائے گی۔ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر انجم علی

لاہور 20 مارچ 2023:(   ) محکمہ زراعت پنجاب اورنجی کھاد کمپنی کے باہمی تعاون سے بہاولپور میں زیادہ کپاس اگاؤمہم کے سلسلہ کے تحت کسان کنونشن کا انعقاد کیا گیا۔اس موقع پر کاشتکاروں کو کپاس کی فی ایکڑ بہتر پیداوار لینے کیلئے جدید پیداواری ٹیکنالوجی کے متعلق آگاہی لیکچرز دیئے گئے۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی نے کہا کہ کپاس کی کاشت سے قبل اس کی امدادی قیمت 8500 روپے مقرر کرنا وفاقی حکومت کا خوش آئند اقدام ہے جس سے نہ صرف کاشتکاروں کی حوصلہ افزائی ہوگی بلکہ کپاس کی کاشت و پیداوار میں اضافہ ہوگا۔انہوں نے مزید کہا کہ امسال کپاس کی پیدا بڑھانے کیلئے محکمہ زراعت خصوصی اقدامات کر رہا ہے جن میں رجسٹرڈ کاشتکاروں کو رعائتی نرخوں پر منظور شدہ اقسام کے تصدیق شدہ بیج اور فاسفورسی و پوٹاش والی کھادوں کی فراہمی، کپاس کی بہتر نگہداشت کیلئے خصوصی مہم، کیڑوں کے مربوط انسداد کی صحیح ترویج ٹیکنیکل ایڈوائزری کمیٹی کی بروقت سفارشات کی فراہمی، خصوصی بیمہ پالیسی برائے کپاس شامل ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ زراعت کا عملہ کاٹن سیزن کے دوران ہمہ وقت فیلڈ میں موجود رہے گا۔کپاس کی کاشت سے چنائی تک کے تمام مراحل پر کاشتکاروں کو مکمل رہنمائی فراہم کی جائے گی۔اس موقع پر ڈائریکٹر زراعت توسیع بہاولپور جمشید خالد سندھو نے کہا کہ کاشتکار کپاس کی منظور شدہ اقسام کاشت کریں کیونکہ غیر منظور شدہ اقسام پر نقصان دہ کیڑوں و بیماریوں کا حملہ زیادہ ہوتا ہے اور پیداوار بھی کم حاصل ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ کاشتکار کپاس کی کاشت سے قبل بیج کو زہر لگائیں تاکہ نشوونما کے ابتدائی دنوں میں فصل نقصان دہ کیڑوں اور بیماریوں سے محفوظ رہے۔یکم تا 30 اپریل تک کاشت فصل میں فی ایکڑ پودوں کی تعداد کم از کم 17500 رکھیں۔رایا کی برداشت کے بعد خالی ہونے والے کھیتوں میں یکم اپریل سے کپاس کی کاشت شروع کریں۔انہوں نے کہا کہ کپاس کی فصل سے بھرپور پیداوار کیلئے فارمر ٹریننگ پروگرامز منعقد کئے جا رہے ہیں۔سیمینار میں ماہرین نے کاشتکاروں کو کپاس کی فصل پر کھادوں کے متناسب و متوازن استعمال کو یقینی بنانے پر زور دیا اور کاٹن پروڈکشن ٹیکنالوجی پر لیکچرز دیئے۔

☆☆☆☆